سوال

میں نے اپنی بیوی کو میسج پر کہا کہ میرا اور آپ کا کوئی طلاق نہیں ہے، کیا ایسے کہنے سے طلاق تو نہیں ہو جاتی؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ نے اپنی بیوی کو طلاق نہ ہونے کی خبر دی ہے تو اس سے طلاق کیسے واقع ہو جائے گی؟!
طلاق تب واقع ہوتی ہے جب انسان اپنی بیوی کو زبان سے یا لکھ کر طلاق دیتا ہے۔
لیکن انسان کو چاہیے اس طرح کی لغو اور فضول باتوں سے اجتناب کرے، کیونکہ بعض اوقات انسان حد سے تجاوز کر لیتا ہے۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ عبد الحلیم بن محمد بلال